No/8

سوال: 26، اللہ تعالیٰ کے غضب سے کیا مراد ہے؟
جواب۔ اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے۔ جو لوگ اسکی اطاعت سے انکار کریں، کفر اور ناشکری کا رویہ رکھیں، شرک کریں۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے ناراض ہوتا ہے۔

سوال 27: اللہ تعالیٰ کا غضب کن لوگوں پر ہوا؟
جواب۔ 1: ابلیس پر ہوا - جس نے نافرمانی کی اور تکبر کیا۔
2۔ قابیل - جس نے پہلا قتل کیا۔
3۔ قوم نوح - انہوں نے شرک کیا۔
4۔ قوم ثمود، قوم عاد، قوم لوط
(ناپ تول میں کمی کی - بدکاری کی - بلند و بالا عمارتیں بنائیں)
اسکے علاوہ قارون، فرعون، ہامان ....
یہود پر اللہ کا غضب نازل ہوا جنہوں نے نافرمانی کی اور اللہ تعالیٰ نے انہیں بندر بنا دیا۔

سوال 28، الضالین سے کیا مراد ہے؟
جواب۔ ان سے مراد بھٹکے ہوئے لوگ ہیں، جنہوں نے اللہ کی ہدایت آنے کے بعد اسکو گم کردیا۔ مفسرین کی رائے کے مطابق ان سے مراد عیسائی ہیں۔

سوال 29: قوم گمراہ کیوں ہوتی ہے؟
جواب۔ 1۔ جب وہ نبی کا مقام بدل دے۔ کیونکہ نبی ہدایت کا منبع ہیں۔ جب انکا مقام بدل دیا جائے تو گمراہی ہوگی۔

No/4

سوال 30۔ سورۃ الفاتحہ میں کن تین طرح کے لوگوں کا ذکر آیا ہے؟

جواب۔ 1۔ انعام یافتہ جن پر اللہ نے انعام فرمایا۔

2۔ المغضوب جن پر اللہ کا غضب ہوا۔

3۔ الضالین۔ جو گمراہ ہوئے۔

سوال 31۔ اس سورت میں اللہ تعالیٰ کے کونسے نام اور کونسی صفات آپ کے علم میں آئیں؟

جواب۔ 1۔ الرحمن۔

2۔ الرحیم۔

3۔ رب العالمین۔

4۔ مالک یوم الدین۔

5۔ الھادی اھدنا الصراط المستقیم کے حوالے سے

6۔ معبود ایاک نعبدو کے حوالے سے

7۔ المنعم ۔ انعمت علیھم کے ناطے سے۔

8۔ القہار ۔ المغضوب کے ناطے سے۔

9۔ الضال الضالین کے حوالے سے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

سورۃ الفاتحہ۔

سوال 1: قرآن مجید پڑھنے سے پہلے تعوذ پڑھنا کیوں ضروری ہے؟

جواب۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔

"پھر جب تم قرآن پاک کی تلاوت کرنے لگو تو
شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ لو۔"

سورہ نحل۔/98

سوال 2: شیطان سے پناہ کیوں طلب کی جاتی ہے؟

جواب۔ کیونکہ شیطان نے قسم کھائی تھی کہ وہ آدم کو، اور اسکی اولاد کو اللہ کے راستے سے (یعنی جنت سے) دور کردے گا۔

یہ کتاب (قرآن پاک) ہمیں اللہ تعالیٰ کا راستہ بتاتی ہے۔ یہ کام commitltment کا تقاضہ کرتا ہے۔ اور شیطان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ ہمارے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرے۔ اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہمیں اس شر سے بچا سکتی ہے۔

سوال 3: سورۃ الفاتحہ کے اور کون سے نام ہیں؟

جواب۔ الحمد۔ الدعا۔ ام القرآن۔ الشفاء۔
الصلوۃ۔ وافیہ۔ ام الکتاب۔ الکنز
السبع المثانی۔ سات بار بار پڑھنے والی آیات
کافیہ - یعنی کفایت کرنے والی
الرقیہ - پڑھکر پھونکنے جانے والی

سورۃ الفاتحہ کے کم ازکم 30 کے قریب نام ملتے ہیں۔

R12-3

سوال 4: سورۃ الفاتحہ کی کیا فضیلت ہے ؟
جواب ۔ حدیثِ قدسی ہے۔
" اور میں نے آپ کو فاتحہ (کتاب) عطا کی ہے
اور وہ میرے عرش کے خزانوں میں سے ہے۔" (بیہقی)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
" سورۂ فاتحہ ہر بیماری کیلئے شفاء ہے۔"

سوال 5: فاتحہ سے کیا مراد ہے ؟
جواب ۔ فاتحہ کا مطلب ہے کھولنے والی ۔ یعنی دیباچہ
چونکہ قرآن پاک کا آغاز اس سورۃ سے ہوتا ہے
اس لیے اس کو سورۃ الفاتحہ کہتے ہیں ۔

سوال 6: اللہ تعالیٰ کے نام سے کام کا آغاز کرنے کی کیا حکمت ہے ؟
جواب : اللہ تعالیٰ کی مدد، برکت اور اسکی رضا حاصل ہوتی ہے ۔
انسان برے کاموں سے بچ جاتا ہے ۔
انسان کو اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ تمام اختیارات
اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہیں ۔

سوال 7: اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفاتحہ میں اپنا تعارف کن صفات سے کرایا ؟
جواب ۔ رب العالمین الرحمٰن
الرحیم مالکِ یوم الدین

سوال 8: الحمدللہ سے کیا مراد ہے ؟
جواب ۔ یعنی خاص تعریف جو صرف اللہ تعالیٰ کیلئے ہے ۔
جو اسکی عطا کردہ نعمتوں کے جواب میں کی جائے ۔
زبان اور دل سے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا ۔

سوال 10 : الحمدللہ کہنے کی کیا فضیلت ہے ؟
جواب ، الحمدللہ قرآن میں 22 مرتبہ آیا ہے.
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔
" الحمدللہ کہنا میزان کو بھر دیتا ہے ۔" (مسلم)
" سب سے افضل دعا الحمدللہ کہنا ہے " (مشکوٰۃ)
- دو کلمات جو زبان پر بہت ہلکے اور عرش پر بہت بھاری ہیں ۔ سبحان اللہ وبحمدہ۔
سبحان اللہ العظیم ۔

سوال 11 ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی حمد کیسے اور کن مواقع پر بیان کرتے تھے ؟
جواب۔ 1۔ کھانا کھانے کے بعد۔
2۔ نیند سے بیدار ہونے کے بعد ۔
3۔ نیا لباس پہننے پر ۔
4۔ سفر سے واپسی پر
5۔ چھینک کے آنے پر
6۔ سواری پر بیٹھتے ہوئے ۔
7۔ خوشخبری ملنے پر ۔۔۔

سوال 12 ، آپ ؐ کے نزدیک چار پسندیدہ کلمات کونسے ہیں ۔ ؟ (صحیح مسلم)
جواب : سبحان اللہ و الحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر.

س 12/A ، شکر ادا کرنے کا کیا فائدہ ہے ؟
جواب ۔ شکر ادا کرنے سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے
شکر ادا کرنے والا اللہ کی نگاہوں میں محبوب ہوجاتا ہے.
(شکر ادا کرنا ایمان والے کی پہچان ہے)

R/5

سوال ۱۳ : رب سے کیا مراد ہے ؟

جواب : رب سے مراد وہ جو پرورش کرتا ہے۔
ذرے کو کمال تک پہنچانے والا۔
ہر تخلیق کو تدریجی مراحل سے گزار کر کمال تک پہنچانے والا۔
مثال : بیج سے کونپل نکلنا اور درخت بننے تک کے مراحل۔
Embryonic Developmental Stages

سوال ۱۴ : اللہ تعالیٰ کے رب العالمین ہونے سے کیا مراد ہے ؟

جواب : اس سے مراد یہ ہے کہ ۔
اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کو پیدا کیا ہے۔
وہ ساری مخلوقات کی پرورش کرنے والا ہے۔
وہ سارے جہانوں کو دیکھ بھال کرتا ہے (عالم جن و انس، عالم اسلام، عالم برزخ، عالم کفر عالم آخرہ)

سوال ۱۵ : سورۃ کے آغاز میں الرحمن اور الرحیم لانے کی کیا حکمت ہے ؟

جواب : چونکہ اللہ تعالیٰ کا رحمٰن اور رحیم ہونا ، اسکی باقی صفات پر حاوی ہے ، اس لیے اُس کی رحمت کا اظہار کرنے کیلئے یہاں ان صفات کا ذکر آیا۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی بندوں کے ساتھ شفقت اور رحمت کا اندازہ ہوتا ہے۔

سوال 16 : یوم الدین سے کیا مراد ہے ؟
جواب ۔ یوم الدین سے مراد قیامت کا دن یعنی روزِ جزا ہے۔
جب انسان کو دنیا میں کیے گئے اعمال کا بدلہ پورے انصاف کیساتھ دیا جائے گا۔

سوال 17 ۔ اللہ تعالیٰ کے "مالک یوم الدین" ہونے سے کیا مراد ہے ؟
جواب ۔ 1۔ اس دن سارے اختیارات اللہ تعالیٰ کے پاس ہونگے۔
2۔ ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہوگی۔
3۔ کوئی فیصلہ اسکی مرضی کے خلاف نہیں ہوسکے گا۔
4۔ کوئی سفارش، کوئی دوستی کام نہ آئے گی

سوال 18 : عبادت سے کیا مراد ہے ؟
جواب : 1۔ پوجا اور پرستش
2۔ اطاعت اور فرمانبرداری
3۔ بندگی اور غلامی

سوال 19 : استعانت سے کیا مراد ہے ؟
جواب ۔ مدد چاہنا ۔ مدد مانگنا۔

سوال 20 : کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی اور مدد کرسکتا ہے۔
جواب ۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کے اختیارات اتنے وسیع نہیں ہیں کہ وہ مدد کرسکے۔
(آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا اسباب کے ذریعے ہوتی ہے۔
اور اسباب مہیا کرنا بھی اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے)

سوال 21: اس سورۃ میں ہم کیا خاص دعا مانگتے ہیں ؟
جواب۔ اھدنا الصراط المستقیم ۔ ....

سوال 22: سیدھا راستہ کیا ہے ؟
جواب ۔ 1. وہ راستہ جو بندے کو رب سے ملاتا ہے۔
2. وہ راستہ جو جنت کیطرف لے جاتا ہے۔
3. قرآن و حدیث کا راستہ۔

سوال 23: صراطِ مستقیم پر چلنے میں کیا رکاوٹیں حائل ہیں ؟
جواب۔ 1: نفس پرستی - اپنے نفس کو پوجتے رہنا
2. مصلحت پسندی - اپنے فائدے پر نظر رکھنا (دنیاوی)

سوال 24: ہمارے لیے ہدایت کے کیا ذرائع ہیں ؟ (Sources)
جواب۔ 1. قرآن و سنت کی پیروی کرنا۔
2. تفرقہ بازی سے اجتناب کرنا۔
3. فقہی مسئلوں میں پڑے بغیر direct source سے ہدایت لینا۔
4. اس دنیا کو عارضی جائے مقام جانتے ہوئے اگلی دنیا پر نظر رکھنا۔

سوال 25: انعام یافتہ لوگ کون ہیں ؟
جواب۔ انعام یافتہ لوگوں سے مراد ہدایت یافتہ لوگ ہیں۔
سورۃ النساء / آیت نمبر 69۔ میں ارشاد ہوتا ہے۔
" جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ کی اطاعت کرے گا وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے۔ یعنی انبیاءؑ، صدیقین، شہدا اور صالحین، کیسے ہی اچھے رفیق ہیں جو کسی کو میسر آئیں "